# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، دہلی کا ماحولیاتی مطالعات کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور تجدید سے متعلق مشترکہ سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد

New Delhi, August 21, 2025.

اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، دہلی کا ماحولیاتی مطالعات سے متعلق درسی کتابوں پر نظر ثانی اور موادی کی تیاری کے سلسلے میں سہ روزہ ورکشاپ کا افتتاحی اجلاس مورخہ اٹھارہ اگست دو ہزار پچیس کو اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ کے لائبریری کم کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ سہ روزہ ورکشاپ اٹھارہ اگست سے بیس اگست دو ہزار پچیس تک جاری رہا جس میں اسکول ایجوکیشن کے بنیادی اور تیاری والے مراحل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ماحولیاتی مطالعات سے متعلق (دنیا ہمارے آس پاس) اردو کی درسی کتابوں پر نظر ثانی کا کام ہوا۔ واضح ہو کہ یہ سہ روزہ ورکشاپ اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ (دہلی) کا مشترکہ ورکشاپ تھا۔ ورکشاپ کا مقصد قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس، قومی نصابی خاکہ برائے بنیادی مرحلہ (این سی ایف ایف ایس، دو ہزار بائیس) اور قومی نصابی خاکہ برائے اسکول ایجوکیشن (این سی ایف ایس ای۔ دو ہزار تیئس) کی ہدایات اور رہنما اصولوں کے مطابق مذکورہ درسی کتابوں کے مواد میں ہم آہنگی اور معقولیت لانا تھا۔ اکیڈمی نے ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ کے اشتراک سے ورکشاپ کے انعقاد کی منظوری دینے کے لیے عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تئیں گہرے خلوص اور جذبہ امتنان کا اظہار کیا۔

اپنی استقبالیہ تقریر میں پروفیسر جسیم احمد، اعزازی ڈائریکٹر، اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ورکشاپ میں شریک تمام خصوصی ماہرین، کوآرڈی نیٹرز جناب انعام اللہ فلاحی، ڈاکٹر واحد نظیر اور ڈاکٹر حنا آفرین کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے این سی ایف ایس ای۔ دو ہزار تیئس کی روشنی مواد کی تنظیم و ترتیب کے اصولوں پر زور دیا۔ پروفیسر احمد نے اپنی گفتگو میں درسی کتابوں میں اقدار، تہذیب اور وراثت کے ساتھ ساتھ اکیسویں صدی کی مہارتوں کی شمولیت کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ مواد کی شمولیت اور اس کی عدم شمولیت میں

آموز گاروں کی ضروریات پر خاص توجہ ناگزیر ہے۔

ماحولیات سے متعلق درسی کتابوں پر نظر ثانی سے متعلق سیریز کی یہ دوسری ورکشاپ تھی جو درجہ اول اور درجہ دوم کے اساتذہ کے لیے ماحولیاتی مطالعات ہینڈ بک کی تیاری نیز تیسری، چوتھی اور پانچویں جماعتوں کے ماحولیاتی مطالعات کے نصابی خاکے اور مشمولات کی تیاری اور چوتھی جماعت کے لیے مواد کو قطعی شکل دینے پر مرکوز تھی۔ ورکشاپ کے دوران ماہرین خصوصی نے عنوانات کی مجموعی ترتیب و تنظیم پر وسیع تر مباحثے کے ساتھ ساتھ مضمون اور کلاس اسپیسفک گروپ بنایا جس سے مفید اور کار آمد باتیں سامنے آئیں۔ اس اشتراک سے موجودہ کتابوں میں نئے ابواب بھی شامل کیے گئے اور سابقہ اسباق کو نئے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کیا گیا۔

ورکشاپ مورخہ بیس اگست دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر ہوا جس میں نظر ثانی شدہ ابواب کے دوسرا مسودہ اور جدید تر مواد تیار کیا گیا۔ اور یہ طے پایا کہ آئندہ ورکشاپ میں تیار شدہ ابواب پیش کیے جائیں اور ان پر مزید غور وخوض کیا جائے تاکہ درجہ سوم ، چہارم اور پنجم کی ماحولیات سے متعلق درسی کتابوں کو ہر لحاظ سے مکمل کیا جاسکے۔

کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر واحد نظیر کے اظہار تشکر کے ساتھ سہ روزہ ورکشاپ بیس اگست دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ




Workshop ورکشاپ
Textbooks Revision & Material Development
(In the light of NEP 2020 & NCFSE 2023)
درسی کتابوں پر نظر ثانی اور مواد کی تیاری
Jointly Organized By
Academy of Professional Development of Urdu Medium Teachers, JMI
&
Holistic Education Trust, Delhi
Ham Aur Hamara Mohaul
For Urdu Medium Schools
Class 1st to 5th
Date: 18/8/2025 to 20/8/2025
Venue مقام
APDUMT, Noam Chomsky Complex, JMI









